09/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنئے

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ کل سے شروع ہوگا۔ اجلاس کے دوسرے مرحلے میں 20 نشستیں ہوں گی، جو 4 اپریل تک جاری رہے گا۔ اجلاس کے دوران سال 26-2025 کے لئے مطالباتِ زر اور متعلقہ تصرف بِل پر بحث اور ووٹنگ ہوگی۔ اس کے علاوہ کچھ بِلوں کو بحث کے لئے پیش کیا جائے گا اور
ا

---

نہیں منظوری دی جائے گی۔±

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ 31 جنوری سے 13 فروری تک جاری رہا، جبکہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے خطاب کیا تھا اور وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے اجلاس کے پہلے مرحلے کے دوران مرکزی بجٹ پیش کیا تھا۔

کھیلو انڈیا

شہرہ آفاق سیاحتی مقام گلمر گ میں آج سے کھیلو انڈیا سرمائی کھیل مقابلوں کے دوسرے مرحلے کا آغاز ہو رہا ہے ، جس کےلئے تمام تیاریاں مکمل ہیں۔گلمرگ میں اس وقت میلے کا سماں ہے۔

ان کھیل مقابلوں میں ملک کی مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والے8سو سے زائد ایتھلیٹ حصہ لے رہے ہیں۔

تفصیلات کے مطابق کھیلوں کا افتتاح آج شام لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کر رہے ہیں ۔ اس موقعہ پر اور لوگوں کے علاوہ کھیل گلمرگ فاروق احمد شاہ اور سپورٹس کونسل کی سیکریٹری نزہت گل بھی موجود ہوں گی MLAکود کے وزیر ستیش شرما ، ۔

ہمارے بارہمولہ کے نمائندے کوثر سلام نے خبر دی ہے کہ گلمرگ اِن دنوں برف کی سفید چادر میں لپٹی ہوئی ہے اور ونٹر گیمز کا مشاہدہ کرنے کے لئے ہزاروں شائقین موجود رہیں گے ۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے کہا ہے کہ ایتھلیٹوں اور دیگر متعلقہ عہدیداروں کے قیام و طعام اور دیگر سہولیات کے لئے مناسب انتظامات کئے گئے ہیں ۔

کھیلو انڈیامیٹنگ

Q اسی دوران ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کشمیر ڈاکٹر جہانگیر بخشی اور سکمز میڈیکل کالج بمنہ کے پرنسپل ڈاکٹر فضل پرے نے کھیلو انڈیا کے سلسلے میں صحت کے شعبے کی تیاریوں کا ایک مشترکہ میٹنگ میں جائزہ لیا ۔

غور طلب ہے کہ سکمز میڈیکل کالج اور اسپتال کو ان کھیلوں کے سلسلے میں ریفرل اسپتال کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔

عالمی دن اضلا ع

ملک بھر کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی کل خواتین کا عالمی دن جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس دن کی مناسبت سے پورے ملک میں تقاریب کا اہتمام ہوا، جن میں خواتین کے منفرد رول پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی۔جموں کشمیر کے سبھی اضلا ع میں بھی یوم خواتین کی مناسبت سے رنگا رنگ پروگرام منعقد کئے گئے ۔

*.... اننت ناگ سے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ وہاں محکمہ سماجی بہبود کی طرف سے منعقد کردہ ایک پروگرام میں ڈپٹی کمشنر اننت ناگ سید فخر الدین حامد نے بیس کامیاب خواتین کو توصیفی اسناد سے نوازا ۔

*....کولگام میں بھی ضلع انتظامیہ نے یوم خواتین ایک پُر جوش انداز میں منایا ۔ اس سلسلے میں محکمہ سماجی بہبود کی طرف سے منعقد کردہ ایک تقریب کے دوران ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان نے مختلف شعبوں میں خواتین کی انتھک کامیابیوں کو اجا گر کیا ۔

*....اِدھر سرینگر کے ایس پی کالج میں بھی عالمی یوم خواتین کے سلسلے میں ایک رنگا رنگ تقریب منعقد ہوئی جہاں ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ مہمان خصوصی تھے ۔ اپنی تقریر میں انہوں نے جنسی امتیاز کو روکنے کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے بچیوں کے لئے ایک مثبت اور تعمیری ماحول کی ضرورت اجا گر کی ۔ اس پروگرام کا اہتمام ضلع سوشل ویلفئیر آفس نے کیا تھا ۔

*....جموں کشمیر رورل لائیو لی ہُڈ مشن کی طرف سے جموں میں اس دن کی مناسبت سے ایک پروگرام منعقد کیا گیا جس میں مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر شُبھرا شرما نے ورچول موڑ کے ذریعے بلاک سط کے یونٹوں کے عہدیداروں سے بات چیت کی ۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی اقتصادی خودمختاری کے لئے خواتین سیلف ہیلپ گروپوں کے لئے1 سو کروڑ روپے کا قرضہ واگزار کیا گیا ہے ۔

*....شوپیان میں محکمہ اطلاعات اور تعلقات عامہ نے خواتین کے بین الاقوامی دن کی مناسبت سے گورنمنٹ ڈگری کالج میں ایک فوٹو نمائش کا اہتمام کیا ۔ جس دوران کامیاب خواتین کی کامیابی کی کہانیوں کو درشایا گیا ۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے نیشنل ہینڈ لوم ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت ضلع سے تعلق رکھنے والے کئی بنکروں میں شمسی توانائی پر چلنے والی لائٹیں تقسیم کیں ۔ 139 مستحقین میں اس طرح کی لائٹس کی تقسیم کاری کو ڈپٹی کمشنر نے ایک اہم قدم قرار دیا ۔

شوپیان

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شوپیان ڈاکٹر نصیر احمد لون نے ضلع سے تعلق رکھنے والے 35 کسانوں کو لدھیانہ کے جانکاری دورے پر روانہ کیا ۔ محکمہ زراعت کے آتما پروگرام کے تحت جانے والے یہ کسان پنجاب زرعی یونیورسٹی اور دیگر متعلقہ اداروں کا بھی دورہ کریں گے ۔

کرکٹ

دبئی کے انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں آج بھارت اور نیو زی لینڈ کے درمیان چمپئینز ٹرافی 2025 کا فائنل کھیلا جائے گا ۔ امید ہے کہ فائنل مقابلہ انتہائی دلچسپ رہے گا ۔

ایک طرف بھارت کے پاس نہایت ہی تجربہ یافتہ بیٹنگ سکواڈ موجود ہے تو دوسری طرف نیو زی لینڈ کی گیند بازی کا شعبہ بھی کمال مہارت رکھتا ہے ۔ غور طلب ہے کہ پورے ٹورنامنٹ میں بھارت نے ایک بھی میچ نہیں ہارا اور گروپ سٹیج کے میچ میں بھارت کے نیو زی لینڈ کو 44 رن سے شکست دی تھی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ